ویکس کو ہوش آیا تو اسنے دیکھا وہ اپنے گھر میں تھا پر یہ دیکھ کر اسے حیرت کا جھٹکا لگا جب سب اسکے پاس اور کچھ دور بیٹھے پریشانی سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔اسکی ماں رو رہی تھی اور باپ اسے ہوش میں آتے دیکھ اسکی طرف لپکا اور ایک زوردار تھپڑ دے مارا جس سے اسکے منہ سے خون آ گیا۔۔۔کارتھن نے اسے پکڑ لیا ورنہ وہ اسے لوگوں کے بجائے اپنے ہاتھوں سے مار دیتا۔۔۔

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com

چھوڑو مجھے کارتھن میں اسکا خون کردونگا۔۔اسنے اتنے معصوموں کی جان لی ہے یہ ایک جانور ہے لوگوں کے بجائے میں اس مارنہ پسند کروں گا۔۔۔وہ کہتا پھوٹ پھوٹ کر رو دیا اور زمین پر بیٹھتا چلا گیا۔۔

ویکس اپنے باپ کی حالت اور الزام پر مرنے جیسا ہو گیا تھا۔۔

نہیں پاپا مینے کسی کو نہیں مارا۔۔وہ روتے ہوئے کہنے لگا۔۔جب ایکدم مائیکل دھاڑا۔۔

بند کرو اپنی بکواس تم ایک جانور ہو ایک بھیڑیے ہو تمنے اتنے بچوں کی جان لی ہے۔۔باہر سب تمہیں ختم کرنے مارنے کے لیے کھڑے ہیں۔۔۔کیا کروں میں تمہارہ کیسے اپنے ہاتھوں سے دوں تمہیں ان لوگوں کو جنکے تمنے بچوں کو نوچا ہے۔۔کیسے دیکھوں تمہیں کچلتے۔۔۔وہ روتا چلاتا ویکس سے کہہ رہا تھا ویکس کی ماں بے ہوش ہو گئی۔۔زشیہ بھی سمجھ نہیں رہی تھی کے وہ اسکے دوست کو بھیڑیا کیوں کہہ رہے ہیں۔۔۔وہ بھی سب کو روتا دیکھ کر رونے میں مصروف تھی۔۔۔کوئی ویکس کی بات سننے کو نہیں تھا سب کہہ رہے تھے اسنے اتنے خون کیے ہیں پر وہ تو جب بے ہوش ہوا تھا پھر اب ہوش میں آیا تھا بلا وہ کیسے کسی معصوم کی جان لے گا۔۔۔

پھر کارتھن اور اسکے باپ نے مل کر اسے راتورات ہی بھگانا ہی صحیح سمجھا۔۔آخر باپ تھا کچھ بھی ہوا اپنے بیٹے کو یوں لوگوں سے کچلتا نہیں دیکھ سکتا تھا۔۔اور بیٹا بھی ایک ہی۔۔۔مارک کو بھی وہ اپنے بیٹا سمجھتا تھا۔۔اسکے ساتھ ایسا ہوتا تب بھی وہ یہی کرتا۔۔۔

🖤🖤🖤🖤

دن کو لوگوں سے کہہ دیا کہ اسے ابھی ہوش نہیں آیا ہے۔۔پر جب رات ہوئی تو اسکے باپ نے روتے زبردستی اسکے ماں کے سینے سے اسے کھینچ کر الگ کیا وہ روتا رہا اسنے کسی کو نہیں مارا چیختا رہا پر اسکے باپ نے اسکی ایک نہیں سنی اور اسے گھر کے پچھلے دروازے سے بھاگنے کا کہا۔۔زشیہ اس سے چمٹ گئی وہ اپنے دوست کو کہیں نہیں جانے دے گی۔۔ کہتی روتی رہی پر مائیکل نے اسے ویکس سے الگ کر دیا اور اسے جانے کا کہا۔۔وہ نہیں جانا چاہتا تھا اسے ڈر لگ رہا تھا۔اپنے ماں باپ کی چھاؤں سے الگ ہو کر پر اسے جانا پڑا کیونکہ مائیکل نے خود کو مارنے کی دھمکی دی تھی۔۔

مارک ایک سائیڈ پر کھڑا سب کچھ خاموشی سے دیکھ رہا تھا۔۔۔جیسے اسے کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا کوئی مرے یا جیئے۔۔وہ

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com

سب پر ایک الوداعی نظر ڈال کر دس سال کی عمر میں رات کو اندھیرے میں اپنے گھر کی دہلیز پار کی۔۔

پیچھے دونوں گھروں میں کہرام مچ گیا تھا۔۔

♥♥♥♥

وہ رات کے اندھیرے کو اپنی ٹارچ کی روشنی سے چیرتا آگے بڑھ رہا تھا۔۔جب پیچھے سے لوگوں کی پیروں اور "پکڑو اسے "کی آوازیں آئی۔۔ویکس یہ سب دیکھ کر ڈر گیا اور روتا اپنے ماں باپ کو چلاتا پکارتا بھاگنے لگا۔۔وہ لوگ تیز بھاگ رہے تھے۔۔اس تک پہنچنے والے تھے۔۔وہ اس راستے کو چھوڑ کر دوسرے راستے پر بھاگا۔

پھر مما کی پکار کے ساتھ وہ گرا اور ٹارچ اسکے ہاتھ سے کہیں دور جا گری لوگ بھی قریب آرہے تھے اس لیے وہ ٹارچ کو چھوڑ کر ایسے ہی بھاگا۔۔۔۔

اندھیرے میں وہ بنا دیکھے تیز تیز بھاگ رہا تھا جب ایک آخری پکار کے ساتھ وہاں ایک ماں کی سانسیں ٹوٹی یہاں ویکس اس گاؤں میں اپنی آخری ماں باپ کی پکار کے ساتھ اندھیرے میں نا دکھنے والی کھائی میں جا گرا۔۔۔

ویکس کے مرنے کی بات پورے گاؤں میں پھیل گئی۔۔اسکا باپ بلکل صرف سانس لینے والا مردہ وجود بن گیا۔۔وہیں کارتھن بھی ٹوٹ چکا تھا۔۔

وہ گرنے سے بیہوش ہو گیا تھا۔۔پھر جب اسے ہوش آیا تو وہ ایک چارپائی پر لیٹا ہوا تھا۔۔وہ گھبرا کر اٹھ بیٹھا اور رونے لگا ۔۔۔

جب اسکے کان میں ایک آواز آئی "رو نہیں بچے تم اپنی دنیا میں ہو یہاں تمہارے ساتھ کچھ نہیں ہو گا"۔۔۔اسنے جلدی گردن موڑ کر دیکھا تو حیران رہ گیا یہ تو وہیں تھا اسے زخمی شخص کے پاس لیجانے والا۔۔۔وہ ایکدم غصے میں آگیا۔۔کیوں کاٹا تھا مجھے اسنے کیوں مروائے مجھ سے بچے۔۔کیا گناہ کیا تھا ان بچوں نے,۔۔وہ کہتا رو پڑا۔۔شاید سب کے کہنے پر وہ بھی اپنے آپ کو سمجھ رہا تھا کہ اسنے بچوں کو مارا ہے۔۔

پہلی بات تم نے ان بچوں کو نہیں مارا،اور دوسری بات تم اب ہمارے سردار ہو تم سے چاہ کر بھی کسی بے گناہ کا خون

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com

نہیں ہو سکتا۔۔

مجھے اپنے ماں باپ کے پاس جانا ہے۔۔ وہ ضد کرنے لگا۔۔۔

اگر تم وہاں گئے تو لوگ تمہیں مار دیں گے اور تمہارے ماں باپ کو بھی۔۔ پھر اس ڈر سے ویکس یہی رہنے لگا اپنوں سے دور۔۔

کافی وقت گذر گیا ویکس اب انیس سال کا ہو گیا تھا اس وقت میں اسنے کافی کچھ جان لیا تھا اپنے بارے میں اور اپنی حقیقت کو بھی تسلیم کر چکا تھا۔۔ وہ ایک سب سے طاقتور اور چالاک بھیڑیا تھا۔۔ اسکی نیلی آنکھوں میں جادو بھی تھا۔۔۔

ایک دن اس آدمی کی موت ہو گئی۔۔ تو ویکس کو آزادی ملی اپنے ماں باپ سے ملنی کی۔۔ زشیہ کو دیکھنے کی۔۔ اسنے وہ لمحہ نا گذارا ہو جس میں ان کو یاد نا کیا ہو۔۔۔

وہ اپنی تیاری کر کے اپنے گاؤں کے لیے نکلا۔۔۔ وہ کافی بدل چکا تھا۔۔ پہلے سے زیادہ خوبصورت ہو گیا تھا۔۔ اسکی سنہری آنکھیں نیلی ہو گئی تھی۔۔ جس سے تو بلکل اس ویکس سے دوسرہ لڑکا لگتا تھا۔۔۔

وہ خوشی خوشی دل میں کافی جزبات لیے آیا پر یہاں اپنا گاؤں دیکھ کر اسکی آنکھیں لال ہو گئی۔۔۔ صرف میدان ہی میدان تھا وہ دھاڑیں مارنے لگا زمین پر بیٹھا رونے لگا۔۔ اسکا دل اس بات پر درد کرنے لگا تھا کہ اب وہ کہاں ڈونڈے انہیں۔۔

وہ ابھی زمین پر بیٹھا تھا جب اسے اپنے کندھے پر کسی کا ہاتھ محسوس ہوا اور ساتھ ہی آواز آئی۔۔۔ ویکس۔۔۔

اسنے اپنی سرخ۔ آنکھوں سے دیکھا تو وہ کوئی گرے آنکھوں والا لڑکا تھا۔۔ اسکی آنکھوں میں آنسو تھے۔۔ اسکے دماغ میں دھماکہ ہوا۔۔ مارک۔۔ وہ کہتا اسکے گلے لگ گیا اسے اپنے ماں باپ سے ملنے کی ایک کرن نظر آئی۔۔۔ مارک یہاں سے سب کہاں چلے گئے۔۔ اسنے روتے ہوئے پوچھا تو مارک غم اور کرب سے اسے دیکھنے لگا۔۔ کچھ دیر کے بعد وہ منہ موڑے اس سب کچھ بتانے لگا جس اے ویکس کی روح فنا ہوتی جا رہی تھی۔۔ ویکس تمہارے جانے کے دکھ میں مما تو اس رات ہی چل بسی تھی۔۔ پر پھر جب تمہارے مرنے کی بات گاؤں والوں کی جس سے ڈیڈ بھی زندہ لاش کی طرح ہو گئے تھے۔۔ پھر یہ بات بھی کھل گئی کہ ویکس پر جو بچے غائب کرنے کا الزام لگایا تھا وہ ویکس نے بچے نہیں مارے تھے

بلکے۔وہ رکا۔۔۔پھر بولا۔۔۔انکل کارتھن نے دوسرے بھیڑیوں سے غائب کروائے تھے۔۔اور جب یہ بات کھل گئی گاؤں میں تو اسنے بھیڑیوں سے گاؤں والوں پر حملا کروادیا اور کوئی بچ نا سکا ہر جگہ خون اور چیخیں تھی۔۔میں کیسے بھی کر کے ڈیڈ کو بچا کر نکلا پر وہ زیادہ چل نا سکے اور مجھے. قسم دے کر جانے کہا پر میں جانا نہیں چاہتا تھا بھیڑیے بھی قریب آرہے تھے پھر مجھے مجبور ہو کر جانا پڑا پر پھر بھی خود نا بچا سکا بھیڑیے کے حملے سے اور اج میں خود ایک بھیڑیا ہوں۔۔

مارک نے آنسوں بہاتے ہوئے ساری کہانی اسے بتائی۔۔ویکس جو ساکت کھڑا تھا مر دا پن سے سب کچھ سن رہا تھا ایکدم دھاڑہ جس سے مارک دور جا گرا۔۔تمنے کیوں میرے باپ کو چھوڑا۔۔کیوں وہ مارک کو بری طرح پیٹنے پھر مارک نے اسے خود سے دور کیا اسے یقین نہیں ہو رہا تھا ویکس اتنا طاقتور ہو گا۔۔۔وہ بھی دھاڑا۔۔۔

تو کیا کرتا میں انہوں نے خود چلے جانے کو کہا۔۔مارک غصے سے کہتا چلا گیا چہرے پر سے خون صاف کرتا۔۔

ویکس وہیں زمین پر روتا بیٹھا رہا پھر ایک عزم سے زمین کو چوم کر کہا۔۔

جس نے بھی آپ لوگوں کو مٹایا ایسے ہی میں اسے مٹاؤں گا اس دنیا سے،ذرے ذرے کر دوں گا اسکے۔۔

●●●●

پھر کافی سال بعد اسے زشیہ ملی یہ دیکھ اسے جھٹکا لگا کہ مارک بھی اسکے ساتھ تھا۔۔۔ان دونوں کے بارے میں معلوم کروانے پر پتا لگا دونوں دوست ہیں اور انکی دوستی کو دو سال ہو گئے ہیں پھر ایک دوسرے کے دل میں جزبات رکھتے ہیں۔۔یہ سب ویکس کو آگ لگانے کے لیے کافی تھا۔۔اانے زشیہ کو ہمیشہ اپنے لیے سوچا تھا اسکے دل میں ہمیشہ اپنے لیے جزبات دیکھنا چاہتا تھا پر یہاں تو وہ اسے یاد نہیں۔۔اسنے سوچا تھا اگر مارک جو کہہ رہا ہے وہ سچ ہو گا تو وہ کارتھن کو اپنے انجام تک پہنچانے کے بعد زشیہ کو اس سب سے دور لے جائے گا جہاں ان دونوں کے علاوہ کوئی نا ہو۔۔۔پہلے اسے کارتھن چاہیے تھا۔۔

پر مارک کو تو پتا ہے کہ زشیہ کارتھن کی بیٹی تھی اگر وہ اسے مل۔گئی تھی تو اسے کیوں نہیں بتایا۔۔وہ خود پر مارک کا ایک جال محسوس کرنے لگا۔۔اسنے زشیہ کو تو اس سے الگ کر دیا تھا اب صرف کارتھن سے سب کچھ جاننا تھا۔۔پر وہ پتا نہیں

کہاں تھا۔۔کس شہر میں تھا پتا ہی نہیں چل رہا تھا۔۔۔اب اتنا اسے پتا تھا منزل کے قریب ہے وہ۔۔

●●●●

مارک غصے سے پاگل ہو رہا تھا۔۔ویکس نے اسے اتنا بڑا دوکھ دیا اسے مشا کی لاش کو زشیہ کی لاش کہہ دیا تھا۔۔اور وہ اتنا بیوقوف نکلا اسے پہنچان نا سکا۔۔اتنے سالوں۔بعد اتنی محنت کے بعد اسنے زشیہ کی دل میں کچھ جزبات پیدا کیے تھے۔وہ بھی ویکس نے ختم کر دیے ہوں گے۔

پر ویکس میں ایسا نہیں ہونے دونگا اب آخری بازی ہو گی زی یا تیری یا میری۔۔وہ کہتا شیطانیت سے قہقہہ لگایا۔۔اب صرف آخری شکار کرنا ہوگا "کارتھن"۔۔ہاہاہا۔

وہ بے چینی سے یہاں وہاں ٹہل رہا تھا۔۔اسکے اندر تک بے سکونی پھیلی ہوئی تھی۔۔۔جس کی وجہ زشیہ تھی۔۔۔کافی دونوں سے یونی نہیں آرہی تھی۔۔پتا کرنے پر معلوم ہوا وہ شدید بخار میں ہے۔۔۔اسے اپنے کیے پر بہت شرمندگی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

وہ اسے دیکھا چاہتا تھا۔۔اس سے ملنا چاہتا تھا پر کیسے کرتا۔۔اگر پچھلی دفعہ کی طرح گیا تو پہلے تو وہ بخار میں آئی تھی اب پتا نہیں کیا ہو جاتا۔۔۔

کیا کروں کوئی راستہ مل جائے۔۔پر کیسے ملے۔۔۔وہ خود سے بولا۔۔۔

کیونا میں اسے اب کچھ سچ بتا دوں کہ میں اسکا ویکس ہوں؟۔۔اسنے سوال کیا۔

نن۔۔نہیں ویکس کیا پتا وہ پھر سے تم سے دور ہو جائے۔۔۔کیا پتا وہ بھی تہیں ان بچوں کا قاتل سمجھتی ہے۔۔۔اسکے دماغ نے جواب دیا۔۔

نہیں ویکس وہ تمھیں ایسا نہیں سمجھتی ہو گی وہ تمہاری زی ہے جو ہر درد میں تمہارے ساتھ تھی۔۔۔اور پھر آج نہیں کل تو تمہیں سب کچھ بتانا ہے۔۔دل کی بات پر وہ راضی ہو گیا۔۔دماغ اپنا منہ لے کے چپ ہو گیا ویسے بھی اسکی چلتی کہاں تھی زی کے معاملے میں۔۔

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com

اور ہم دونوں پھر سے ایک ہو جائیں۔۔۔وہ بڑبڑاتا دلکش انداز میں مسکراتا ہوا سکون سے بیٹھ گیا۔۔۔بے چینی کہیں غائب ہو گئی تھی۔۔اسکے اندر تک سکون تھا اب۔۔۔

بی ریڈی زی آ رہا ہے تمہارہ ویکس تمہیں اپنا بنانے۔۔۔اب اسکو صرف رات کا انتظار تھا۔۔۔

وہ بنا آواز کیے کھڑکی سے اندر آیا۔۔کمرے میں ایک نظر ڈالی تو وہ کمرے میں نہیں تھی۔۔۔باتھروم سے پانی گرنے کی آواز آ رہی تھی۔۔

یہ کوسا ٹائم ہے باتھ لینے کا۔۔وہ باتھروم۔کے بند دروازے کو دیکھ کر بولا اور کمرے کے دروازے کو اندر سے لوک کر دیا۔۔اب وہ سیدہ جا کر صوفے بیٹھ گیا۔۔

جب پانی گرنے کی آواز بند ہوئی تو وہ بنا وقت لیے باتھروم کی دیوار سے لگ کر کھڑا ہو گیا۔۔۔

زی کو مسز کارتھن نے شاور لینے کو کہا تھا وہ تین دن سے بیمار تھی۔۔وہ مسلسل بڑبڑا رہی تھی بخار میں "چھوڑو مجھے"۔۔۔

وہ خود اس رات کو جو ہوا اسے ایک خواب سمجھتی تھی۔۔۔

وہ جیسے باتھروم سے باہر نکلی پیچھے سے ویکس نے اسے گھیرے میں لے کر منہ پر ہاتھ رکھ لیا۔۔اسکے ڈرنے سے پہلے اسے آئینے کے سامنے لے آیا۔۔

زشیہ ویکس کو اپنے کمرے اور اتنے قریب دیکھ کر غصے سے لال پیلی ہو گئی۔۔

چلانا نہیں میں تمہیں کچھ سرپرائز دینے آیا ہوں۔۔اور اگر تم چلائی تو جو یونی میں تمہارے ساتھ کیا اس سے بھی کچھ بڑا کر جاؤں گا۔۔وہ اسکے بھیگے چہرے کو آئینے میں دیکھتا کان میں سرگوشی کرنے لگا۔۔۔

اسکے کہنے پر زشیہ جو چلا کر اپنی مما کو بلانا چاہتی تھی۔۔ایک دم بولتی بند ہو گی اسکی۔۔ویکس نے آہستہ سے اسکے منہ سے اپنا ہاتھ ہٹایا۔۔اور اپنی دھمکی کے کام پر مسکرانے لگا۔۔

پھر اس سے دور ہٹ کر کھڑا ہوا اور اسکا رخ اپنی طرف کیا۔۔زشیہ اسے نہیں دیکھ رہی تھی اسکی نظریں دروازے پر

تھیں کہ کاش اسکی ماں آجائے اور اسے ویکس کی حرکتوں سے بچالے۔۔۔

مینے دووازہ لوک کر دیا ہے وہ نہیں آسکے گی۔۔۔ وہ شرارت سے کہتا ہنسنے لگا۔۔۔ پھر ایکدم چپ ہوا وہ زشیہ آنکھیں پھار پھار کر اسے دیکھ رہی تھی۔۔ جس سے ویکس کے اندر ہلچل سی مچ گئی۔۔

اب اگر ایسے دیکھتی رہو گی تو مجھ پر الزام مت دینا کہ مینے کچھ غلط کر دیا۔۔ وہ اسکی بات سمجھ کر سرخ۔ ہو گئی۔۔ ایک جھٹکے سے پیچھے ہٹی۔۔ جس سے اسکے بھیگے بالوں کی بوندیں ویکس کے چہرے پر لگی۔۔ وہ اپنے بھیگے سنہری بال اور بھیگے سرخ چہرے کے ساتھ ایسی لگ رہی تھی کہ کسی کو بھی تباہ کر سکتی تھی۔۔

ویکس نے اپنے آپ کو سنبھالا اور نظریں پھیر کر اپنی بات کی طرف آیا۔۔۔

میں جو پوچھوں گا کیا تم مجھے اسکے صحیح جواب دو گی ؟۔۔ ویکس نے اس سے سوال کیا۔۔۔ جس پر زی نے نفی سر ہلایا اور جلدی سے جانے لگی۔۔ ویکس کو اس پر غصہ آگیا۔۔ اور اسے ہاتھ سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا۔۔ اور وہی ہاتھ سے کمر سے پکڑ کر خود سے بہت قریب کر لیا۔۔ تم سے سیدے طریقے سے بات ہی نہیں کرنی چاہیئے۔۔ اب آئے گی عقل ٹھیکانے ۔۔۔ وہ اسکا چہرہ اوپر کر کے بولا۔۔۔

زشیہ۔اس سے جلد سے دور جانا چاہتی تھی ابھی اسے یونی والا منظر بھی نہیں بھولا تھا۔۔۔ پہلے تو یونی تک پیچھے تھا اب گھر تک آگیا اور وہ بھی کمرے میں اگر اسکے ہاتھ میں پتھر ہوتا تو اسکا سر پھار دیتی۔۔ وہ خود کو اس سے دور کرنے لگی۔ چھ۔۔۔ باقی کے الفاظ اسکے منہ ہی ویکس نے بند کر دیے۔۔

اسکی کمر پر ویکس کی پکڑ اور مضبوط ہوتی جا رہی تھی۔۔ وہ دونوں ہاتھ ویکس کے سینے پر رکھے اسے دور کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

اسکا سانس اکھرنے لگا۔۔ اسنے ویکس کو دھکا دیا اور لمبے لمبے سانس لینے لگی۔۔۔

وہ سرخ ٹماٹر ہو گئی تھی۔ جب پھر سے ویکس نے اپنی طرف کھینچا اسے لگا وہ مر جائے گی۔۔

اب دو گی جواب۔۔۔ ویکس کی مسکراتی آواز اسکے کان میں پڑی۔۔

ناچاہتے ہوئے بھی اسنے ہاں میں سر ہلایا۔۔ اسے وہ۔ زھر سے بھی زیادہ زھریلا لگا۔

دی ویکس وُلف

کیا کوئی ایسا جسے تم اپنا دوست مانتی ہو دل سے؟۔۔ کوئی ایسا جسے تم ایک پل بھی نا بھولی ہو؟ کوئی ایسا ہے جو تمہیں ہر لمحہ یاد رہا ہو؟ جسے تمنے بھولانے کی کوشش نا کی ہو۔۔ کیا کوئی ایسا ہے جسے تم آج بھی کہتی ہو وہ تمہیں مل جائے۔۔ کیا کوئی ایسا دل کے قریب ہو جسے سب نے غلط کہا ہو پر تمنے اسے سچا مانا ہو۔۔۔ یاد ہے کیا تمہیں زشیہ۔۔۔ کوئی تھا جس کا دل ہر لمحے تمہارے قریب رہنے کو کرتا تھا۔۔۔ تم سے الگ ہونے کا تو اسنے سوچا بھی نہیں تھا۔۔ کیا ایسا کوئی تھا بتاؤ مجھے زی۔۔۔ اسکی پکڑ میں شدت تھی۔۔ وہ کرب سے اپنے بارے میں پوچھ رہا تھا۔۔۔

اسے ڈر تھا کہیں وہ اسے یاد ہی نا ہو۔۔۔

زشیہ اپنی درد بھری آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔ ایک ہمیشہ کی طرح جس کے لیے گرنے والا آنسوں آج اس پر ہی گرا تھا جس کی یاد پر جس کی معصوم بیتے پلوں پر نکلتا تھا۔۔۔

ہاں تھا۔۔۔ تھا نہیں ہے۔۔ ویکس۔۔ وہ ہے۔۔

ہر گذرتے سال، ہر گذرتے مہینے، ہر گذرتے دن، ہر گذرتے گھنٹے ہر پل وہ میرے ساتھ ہے۔۔ کوئی تھا نہیں ویکس

۔۔ہے۔۔

ہے جس کی آنے کی دعا میں ہر دن کرتی ہوں وہ آج بھی زندہ ہے وہ کہیں نا کہیں ہے ویکس۔۔ اسے صرف اسکی دوست بھول گئی ہے۔۔ وہ کہتی پھوٹ پھوٹ کر روتی بیٹھتی چلی گئی۔۔۔ وہ چیختا رہا کہتا رہا اسنے کچھ نہیں کیا پھر بھی اسے الگ کر دیا گیا اپنوں سے۔۔ اس سے اتنی عمر میں سب خوشیاں چھین لی گئی۔۔ اسے ظالموں نے ختم کر دیا۔۔ میں تب بھی انتظار کرتی رہی۔۔ پھر۔۔۔ وہ ہچکیوں سے روتے بتانے لگی۔ پھر اسکے بھائی نے بتایا کہ۔۔۔ وہ سسکی۔۔ کہ اسکی لاش کو اسنے خود دفنایا تھا۔۔ پر اب بھی مجھے انتظار ہے پاگلوں والا انتظار ہے۔ کہ ایک نا ایک دن وہ ہر بات کو جھوٹ ثابت کر کے آئے گا۔۔ اور کہے گا کہ دیکھوں میں زندہ ہوں دیکھو ویکس زندہ۔۔۔۔

وہ رکی اور سر اٹھا کر اسے دیکھا۔۔

دونوں کی نظریں ملی۔۔ ویکس تمہیں کیسے پتا کہ۔۔۔ وہ منہ۔ میں ہی بڑبڑائی اور اٹھ کھڑی ہو گئی۔۔ اب ویکس سے برداشت ہونا نا ممکن تھا۔۔ اسنے اپنی آنکھیں موندیں سکون کی ایک لہر اسکے اندر تک پھیلتی چلی گئی۔۔ وہ بہت پر سکون

ہو گیا کہ وہ اسے بھولا نہیں ہے۔۔وہ اسے قاتل نہیں سمجھتی۔۔

اسنے اپنی بانہیں پھیلائی۔۔ہاں زی ویکس زندہ ہے۔۔ تمہارہ ویکس زندہ ہے۔۔اسنے بھی تمہاری طرح ہر پل اذیت میں گذارا ہے۔۔

اب مارک تمہارا جال ٹوٹ گیا۔۔اب تم۔کسی کی زندگی کو یوں تباہ کرنے کے لیے نہیں بچو گے۔۔اسنے دل میں ایک عزم کیا۔۔۔

وہ بے یقینی سے اسے دیکھتی رہی۔کیا کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جس کے لیے آپ روز دعائیں مانگے اور اسکی آنے کی ایک بھی کرن نظر نا آئے پھر اچانک وہ آجائے۔۔۔

وہ ایکدم اسکے سینے سے لگی اور روتی چلی گئی۔۔ویکس اسے اپنے بھیڑیے سے لیکر ہر بات اسے بتانے لگا صرف اس پر کیے حملے اور مارک کی غداری کے۔۔۔

ویکس مسکراتا ہوا اسے چپ کرانے کی کوشش کرتا رہا۔۔جب اسکے آنسوں پھر بھی نارکے تو ویکس نے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھر کر اپنے سرخ لبوں سے اسکا بہتا سمندر اپنے اندر اتارنے لگا۔۔۔اسکی حرکت پر اسکے آنسوں ایکدم رکے اور وہ۔بلش کرتی چہرہ اپنے ہاتھوں میں چھپا گئی۔۔❓ اس پر ویکس کا ہلکا قہقہہ لگا۔۔۔

ویکس چلو مما سے ملو وہ تمہیں بہت یاد کرتی ہے۔۔وہ ملے گی تو میری طرح اسے بھی شاک لگ جائے گا۔۔پاپا تو بہت خوش ہوں گے پر وہ آئیں گے پتا نہیں کب۔۔ویکس کو پتا تھا کارتھن کے بارے میں کسی کو نہیں پتا کہ وہ کہاں ہے۔۔

ویکس کا فون بجنے لگا اسنے ایک نظر زشیہ کو دیکھا۔۔اسکے ماتھے پر لب رکھے۔۔اور بولا۔اب جلد ہی ملیں گے ہمیشہ ایک ہونے کے لیے اب ویکس کو کوئی زشیہ سے الگ نہیں کر سکتا۔۔اور آنٹی اور انکل سے بھی جلدی ہے ملیں گے۔۔

موبائل پر ویکس کے آدمی تھے جنکو اسنے کارتھن کو ڈھونڈھنے کے لیے بیجا تھا۔۔۔اور کارتھن مل۔گیا تھا اسکے فلیٹ پر اسکے آدمیوں کے ساتھ تھا۔۔

وہ ایک نظر زشیہ پر ڈال کر جس راستے سے آیا تھا اسی سے چلا گیا۔۔۔

◈◈◈◈

آج پھر وہ اپنی بد صورت شکل۔کے ساتھ لیزی کے سامنے تھا اور وہ تھر تھر کانپ رہی تھی۔اسنے کہا کہ وہ زشیہ کو یہاں بولائے۔۔

اسنے کانپتے ہاتھوں سے زشیہ کو کال ملائی۔۔

زی جو ویکس کے جانے کے بعد بیٹھی اس کے بارے میں سوچ رہی تھی جب لیزی کا نمبر اا کی موبائل اسکرین پر جگمگانے لگا۔۔اس دن کے بعد آج اسکی کال آرہی تھی۔اسکا دل تو نہیں کر رہا تھا کال پک کرنے کو پر اسے کسی کو اگنور کرنا اچھا نہیں لگتا تھا۔۔اسنے اوکے کر کے کان سے لگائی اور۔۔۔ہیلو۔۔کہا۔۔

زی پلیز میری گاڑی خراب ہو گئی ہے۔۔مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے میں یہاں اکیلی کھڑی ہوں میری ہیلپ کر دو۔۔۔پلیز جلدی آنا۔۔۔

اسنے جگہ کا نام بتایا جو ایک سنسان اور جنگل کے قریب تھی اور رات میں تو اور بھی خوفناک ہو گی جگہ۔۔لیزی وہاں کیا کر رہی ہے یہ سوال اسکے دماغ میں آیا۔۔

پر تم وہاں کیا کر رہی ہو اتنی رات کو۔۔اسکو تو سوچتے ہی خوف آرہا تھا جگہ سے۔۔۔

وہ میں تمہیں بتاؤں گی پلیز زی جلدی۔۔۔۔آہھہ۔۔۔اسکا جملا مکمل ہونے سے پہلے اسکی چیخ نکلی جو زشیہ کو یہاں پر بھی ہلا کر رکھ گئی۔۔

اسکے ساتھ ہی اسکی کال کٹ گئی۔۔زشیہ موبائل بیڈ پر پھیک کر جلدی سے بھاگی۔۔اپنی ماں کو بھی بتائے بغیر گاڑی اسٹارٹ کی اور تیز بھگانے لگی۔۔۔بغیر یہ سوچ کہ وہ ایک لڑکی ہے لیزی کو کیا بچائے گی۔۔۔

◉◉◉◉

لیزی جو زشیہ سے بات کر رہی تھی۔۔اسے یہاں بلانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔ویلنس کا کالے ناخونوں والا ہاتھ اپنی کمر پر محسوس کر کے اسکی چیخ نکل گئی۔۔۔اور موبائل ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گیا۔۔۔

وہ خود کو کوس رہی تھی جب اسنے ویلنس سے دوستی کی اور اسی دن ویلنس کا بھیانک چہرا سامنے آیا اور وہ بلکل اس کے قید میں آگئی تھی۔۔

دی ویکس وُلف

پھر اسکا جو بھی برا کام ہوتا وہ لیزی ہی کرتی۔۔اسکے ڈر سے۔۔

اب تک وہ بچی ہوئی تھی کیونکہ اسے زشیہ کو پھنسانا تھا پر اب وہ بھی آرہی تھی۔۔۔اب وہ بچ پائے گی یا نہیں۔۔

ویلنس ویکس کو کمزور کر کے مارنا چاہتا تھا جیسے اسنے دوسرے بھیڑیوں کے ساتھ کیا تھا۔۔

انکی کمزوری انکے "اپنے" ہوتے ہیں اور انکو ہی ختم کر کے وہ انہیں ختم کرتا تھا۔۔۔

وہ تھر تھر کانپ رہی تھی اپنے بچنے کی دعا کر رہی تھی۔۔پر یہ بھول گئی تھی اپنے آپ کو بچانے کے لیے اسنے کتنی معصوموں کی جان لی تھی۔۔

ہر بار وہ کیسے بچتی اب تو ویلنس کا کام بھی پورا ہو گیا تھا۔۔

اچانک اسکے لمبے کالے دانت لیزی کے گردن میں گھس گئے۔۔اسکی چیخیں پوری ماحول کو اور خوفناک بنا گئی تھی۔۔۔

◉◉◉◉

ویکس جو اپنے فلیٹ کی طرف جا رہا تھا اچانک اسکا دل گھبرانے لگا۔۔وہ تیزی سے دھڑکنے لگا۔۔۔

اسے بے چینی سی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔اسکے منہ سے خود بخود زشیہ کا نام نکلا۔۔

زی۔۔۔کیا وہ ٹھیک ہے۔۔کہیں ویلنس نہیں نہیں وہ ایسا نہیں کر سکتا۔۔۔

اسے پتا تھا ویلنس کچھ بھی کر سکتا ہے اسے مارنے کے لیے پھر بھی وہ خود کو تسلی دینے لگا۔۔

وہ کر سکتا ہے کچھ بھی۔۔مجھے زشیہ کے پاس جانا ہو گا۔۔۔وہ خود سے بولا اور موبائل نکال کر اپنے آدمیوں سے کہہ دیا کہ کارتھن کو چھوڑ دیں۔۔

اور خود بھاگنے لگا زشیہ کی طرف جب اسکے اوپر ویلنس کی شکل کے ویمپائرز اپنے بڑے پروں سے منڈلانے لگے۔۔اور کچھ نے اسے چاروطرف سے گھیر لیا تھا۔۔یہ صرف اسے زشیہ تک نا جانے کے لیے تھے۔۔اسکی نظر جیسے ہی زمین پر گئی۔۔چاند کی روشنی میں سڑک پر صرف اسکی پر چھائی تھی۔۔اور ان میں سے کسی کی بھی نہیں تھی۔۔مطلب ویلنس یہاں ان میں نہیں تھا۔۔وہ زشیہ کے پاس یا زشیہ کو۔۔اسکے دماغ میں سوال بکھرنے لگے۔۔لیزی۔۔۔ نہیں۔۔۔وہ چیخا۔۔اسکی چیخ آسپاس کی ہر چیز کو ہلا کے رکھ گئی۔۔مجھے کیسے بھی کر کے زشیہ تک جانا ہو گا۔۔

اسنے آنکھیں بند کر کے کچھ پڑھ کر کارتھن کے پورے گھر کا جائزہ لیا پر وہ وہاں نہیں تھی۔ مطلب وہ باہر تھی۔۔ پر کہاں ۔۔ زشیہ کہاں ہو۔۔۔ وہ دھاڑہ۔۔ اگر اسے کچھ ہوا تو میں ویلنس تمہاری نسلیں کچل دونگا۔۔ وہ زور سے بولا۔۔ جس پر سب پر چھائیوں کا قہقہہ لگا۔۔

اب اسے زشیہ تک پہنچنے کے لیے دماغ لگانا تھا۔۔ اسنے ویلنس کی پر چھائیوں کو دیکھ سوچا۔ اسکا چہرا اور آنکھیں سرخ تھیں۔

اگر وہ غلط راستے پر گیا تو اسے یہ پر چھائیاں کچھ نہیں کریں گی اگر وہ صحیح راستے پر گیا تو وہ ضرور اسے روکنے کی کوشش کریں گی۔۔

اور اسی کا ہی فائدہ اٹھا کر اسے زشیہ تک پہنچنا تھا۔۔ وہ سوچ کر بھاگنے لگا وہ پر چھائیاں بھی کوئی اسے جھپٹنے کی کوشش کرتی تو کوئی آگے آ کر حملا کرتی۔۔

پر وہ ان سب سے بچتا زشیہ کی خیریت کی دعا کرتا بھاگتا رہا۔۔

چاند کی روشنی دونوں طرف گھنا جنگل جن میں سے جانوروں کی دھاڑنے کی آوازیں آرہی تھی۔۔

وہ بھاگتا ہر چیز کو چیرتا آگے بڑھ رہا تھا۔۔ آگے دو راستے تھے ایک پر وہ پر چھائیاں راستا روکے کھڑیں دوسرہ خالی تھا۔۔ وہ اس۔ راستے کی طرف بڑھا تو اسے تھوڑا سا راستہ ملا۔

اسکے دماغ میں آیا۔۔ نہیں یہ نہیں۔۔ وہ واپس مڑا اور اس خالی راستے پر بھاگا پیچھے وہ بھی چیختی اس پر جھپٹی۔۔

⦿⦿⦿⦿

زشیہ تیز گاڑی بھگاتی لیزی تک پہنچنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

وہ اپنے گھر سے کافی دور آ گئی تھی۔۔ اگر اسکے حواس کام کرتے اپنے آسپاس کا ماحول دیکھتی تو وہیں خوف سے بے ہوش ہو جاتی۔

پر اسکی ساری توجہ لیزی کی طرف تھی وہ کیسے بھی کر کے اس تک پہنچنا چاہتی تھی۔

وہ سوچوں میں گُم تیز رفتاری سے گاڑی بھگا رہی تھی جب ایک جھٹکے سے گاڑی رکی۔۔ یہ جھٹکا گاڑی کو نہیں جیسے اسے

لگا تھا۔

وہ پریشان ہو گئی۔کافی چلانے کی کوشش کی پر کار سٹارٹ نا ہوئی۔گھبراہٹ سے اسکا برا حال تھا۔۔اس حالت میں بھی وہ لیزی کی خیریت کی دعا کرتی پیدل ہی بھاگی۔۔

بھاگتے بھاگتے وہ ایکدم رکی۔بیچ راستے میں کوئی انسان کسی پر جھکا کچھ کر رہا تھا۔رات کی سیاہی کی وجہ سے اسے کالا لگا۔پر چاند کی روشنی میں منظر صاف تھا۔

آ گئی زشیہ۔ویلنس کی آواز اسکے کانوں میں پڑی۔وہ چونک اٹھی ویلنس یہاں کیا کر رہا ہے اور وہ اسے کیوں جھکا ہوا ہے زمیں پر اوپر سے کیسے پتا وہ یہاں آ رہی تھی۔۔لیزی کہاں اسنے تو اسی جگہ کا کہا تھا۔۔ایسے سوال اسکے دماغ میں چلنے لگے۔ویلنس کی گردن مڑی تو زشیہ کی چیخ نکل گئی۔وہ اچھل کر دور ہٹی۔

آہھہ۔۔

ویلنس کی میدے جیسی شکل پر کالے چیر اور لال آنکھیں لمبے دانت جن سے خون ٹپک رہا تھا۔۔اور وہ جس پر جھکا ہوا تھا وہ لیزی کی لاش تھی جس میں سے وہ خون پی رہا تھا۔

وہ ویکس کو پکارتی۔۔واپس پیچھے بھاگی۔جب پیچھے کسی سے ٹکرائی۔

اسنے ڈرتے سر اٹھایا تو ویلنس تھا۔

آہ۔۔ویکس پلیز مجھے بچا لو۔۔وہ ویکس کو پکارتی جیسے ہی پیچھے مڑی ایک ٹھاکے آواز کے ساتھ منہ کے بل نیچے گری۔

اسکے منہ سے خون بہنے لگا۔

وہ مڑی اور ہاتھوں کی ہتھیلیوں کی مدد سے پیچھے ہٹنے لگی۔آنسوں لڑیوں کی صورت میں بہہ رہے تھے۔

وہ سسک رہی۔ویکس کو پکار رہی تھی۔

تھوڑی دیر پہلے جو لیزی کے لیے دعا تھی۔اب وہ وہی دعا اپنے لیے مانگ رہی تھی۔۔

پلیز مجھے چھوڑ دو مینے کیا کیا ہے پلیز۔۔۔وہ سسکتی کہتی پیچھے کو ہونے لگی۔۔

ویلنس کا ایک قہقہہ لگا۔جو اسکی طرح ہی خوفناک تھا۔

کیا کیا ہے۔وہ ہنسہ۔۔کچھ نہیں کیا تمنے۔مجھے میری زندگی چاہیے جس کے لیے تمہیں مارنا بہت ضروری ہے۔

میں تو تمہیں بہت آسان موت دینا چاہتا تھا پر تہیں ہی شوق تھا ایسی موت کا۔

ذرا دیکھو لیزی کو کتنی آسان موت دی ہے ایسی تمہاری ہوتی پر نہیں۔۔چلو جیسے تمہاری مرضی۔

وہ کہتا آگے آیا تو زشیہ جیسے پیچھے ہوئی اسکا ہاتھ کسی چیز سے لگا۔ویلنس جیسے اس پر جھکنے لگا زشیہ نے ایک چیخ کے ساتھ وہ چیز اسکے منہ پر دے ماری۔

وہ پتھر تھا جو ویلنس کو لگنے سے وہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر زشیہ سے دور ہوا۔اور زی اس موقعہ کا فائدہ اٹھاتی ویلنس کے سنبھلنے سے پہلے ہی بنا سوچے جنگل میں بھاگی۔اسکے پیچھے ویلنس بھی بھاگا۔

وہ اندھیرے میں کانٹوں جھاڑیوں سے لہولہان ہوتی بھاگتی ایک بڑے سے درخت کی آڑ میں چھپی۔۔

اسنے اپنے منہ ہاتھ رکھ کر اپنی تیز سانسوں کو بند کر دیا۔وہ پوری پسینے میں بھیگی ہوئی تھی۔

تھر تھر کانپتی ویکس کے آنے کی دعا کر رہی تھی۔پر اسے ایسی کوئی اپنے بچنے کی کرن نظر نہیں آرہی تھی۔وہ بن آواز کے روتی ایسی موت سے پناہ مانگ رہی تھی۔

اچانک ویکس کی آوازیں اسے آنے لگی۔وہ اسے ہی پکار رہا تھا۔

وہ اسے آواز دینا چاہتی تھی کہ قریب ہی قدموں کی آواز آنے لگی۔وہ روتی نفی میں سر ہلانے لگی۔

ویلنس کو اسکی خون کی خوشبو یہی سے ہی آرہی تھی۔وہ ویکس کی آواز سنتا غصے سے پاگل ہوتا زشیہ کو جلدی ختم کرنے کا ارادہ کر کے اسے ڈونڈھنے لگا اور وہ اسے مل بھی گئی درخت کے پیچھے چھپی ہوئی۔

زشیہ جو قدموں کی آواز بلکل اپنے قریب سن کر آنکھیں بند کر گئی تھی جب اچانک اسکے پیٹ میں ویلنس نے اپنے کالے لمبے ناخون گاڑھ دیے۔

ویکسس۔۔۔وہ درد سے چیخی۔۔

ویکس جو ویلنس کی پرچھائیوں کو ختم کرتا اپنی پوری رفتار سے بھاگ رہا تھا جب اسے بیچ راستے میں ایک لڑکی لاش ملی دور

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com

سے اسکی روح فنا ہو گئی اسنے سمجھا زی کی ہے پر وہ لیزی کی تھی۔

اسکی جان میں جان آئی۔ پھر وہ اٹھا اسے زی کی آوازیں یہی سے آرہی تھی۔

اسنے اپنی تیز نظروں سے دیکھا تو زی کا اسکارف اسے جنگل کی طرف سے ملا وہ بنا وقت لیے اندر بھاگا وہ زی کو پکارتا رہا پر کوئی جواب نا ملا۔

پر اسے ویلنس درخت کے قریب نظر آیا وہ جب تک اس تک پہنچتا اسنے زی پر حملا کر دیا تھا۔

ویکس غیض وغضب سے ویلنس کے کندھے پر اپنے لمبے دانتو کو گاڑھ دیا۔ ویلنس چیختا پیچھے ہٹا زشیہ سے۔اسکے ناخونوں سے زشیہ کا خون ٹپک رہا تھا جو ویکس کو حیوان بنانے کے لیے کافی تھے۔ زشیہ ایک جھٹکے سے زمین پر دھڑام سے گری۔۔۔

ویکس کے منہ سے زشیہ کی پکار نکلی۔

ویکس زشیہ کو زمین پر گرا دیکھ کر ویلنس کو اپنی پوری طاقت سے دور پھیکا اور اس کے سنبھلنے سے پہلے زشیہ کی طرف بھاگا۔۔اسکے پاس بیٹھ کر اسکا سر اپنی گود میں رکھا۔۔

زی آنکھیں کھولو۔۔دیکھوں میں آگیا تمہیں کچھ نہیں ہونے دوں گا۔۔زی پلیزززز آنکھیں کھولو۔۔وہ اسکی رخسار کو تھپتھپا کر کرب سے کہہ رہا تھا۔۔

پھر اسکی نظر اسکے پیٹ کی طرف گئی جہاں سے پانی کی طرح خون نکل رہا تھا۔۔اسنے جلدی اپنی شرٹ اتاری اور اسکے پیٹ پر باندھ دی۔۔اور اسے درخت کے سہارے بیٹھا کر اسکی سانسیں چیک کی جو مدھم سی چل رہی تھی۔۔

ویکس نے شکر کا کلمہ پڑھ کر ویلنس کو ختم کرنے کے لیے نظریں گھمائی چاروطرف پر وہ نہیں تھا۔۔

اسے درخت کے اوپر سے کچھ آواز آئی اسنے جیسے ہی سر اوپر کیا ویلنس تھا۔۔کسی بھیانک جانور کی طرح درخت پر الٹا رینگتا اسی پر حملا کرنے کے لیے۔۔۔

اسنے جیسے ویکس کی آنکھوں پر حملا کرنا چاہا ویکس دور ہٹا اور اسکی گردن سے پکر کر زشیہ کی پہنچ سے دور پھنکا اور اس پر

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com

حملا کر دیا۔۔ویکس اس پر جھپٹا اور اپنے لمبے ناخونوں سے اسکے سنبھلنے سے پہلے اسکی آنکھوں میں گاڑھ دیے۔۔ ویلنس کی خوفناک چیخیں پورے جنگل میں پھیل گئی۔۔پھر ویکس نے اپنے پنجے سے اسکی پیشانی سے چیرتا گیا۔۔

ویلنس نیچے تھا ویکس اوپر اسے بلکل قید کیے۔۔۔اور جب دل پر اسکا ہاتھ رکا تو اسنے اس خنجر کو نکالا۔۔اور پھر ایک دفعہ اسکے دل پر وار کیا پھر دوسری دفعہ۔۔پھر اسے ہی کرتا گیا اسکے سامنے صرف زشیہ کا پیٹ سے نکلتا خون گھوم رہا تھا۔

اسنے ویلنس کو کچل دیا تھا۔۔وہ تو شاید مر بھی چکا تھا پر ویکس۔۔وہ ہوش میں ہوتا تو دیکھتا۔۔وہ رکا تب جب زشیہ کی کہرانے کی آواز سنی۔۔۔

وہ درد سے ویکس کو پکار رہی تھی۔۔ویکس نے ایک نظر ویلنس پر ڈالی جو خون میں رنگا کچلا ہوا تھا۔وہ اٹھا اور جانے لگا۔۔۔

پھر پیچھے مڑ کر دیکھا اور واپس جا کر خنجر سے اسکے ہاتھوں کے ٹکرے ٹکرے کر دئے۔۔اسکا شاید دل نہیں بھر رہا تھا۔۔اسکا بس چلتا تو ویلنس کے ذرے ذرے کر دیتا۔

وہ جلدی سے زشیہ کی طرف گیا اور اسے بازوں میں بھر کر جنگل سے باہر بھاگا۔۔

راستے پر پڑی لیزی کی لاش کو دوسرے جانور گھسیٹتے جنگل میں لے جا رہے تھے۔۔

وہ زشیہ کو اٹھاتا جتنی ایک بھیڑیے کی رفتار تھی بھاگنے کی اس رفتار سے بھاگ رہا تھا۔۔

خون ٹپک ٹپک کر بوندیں گر رہی تھی اسکی بندھی ہوئی شرٹ سے۔۔زیادہ خون بہنے سے اس کی جان کو خطرا بھی ہو سکتا ہے یہی ایک تکلیف اسے اندر سے کھائے جا رہی تھی۔۔۔

وہ شہر کے مشہور ہاسپٹل میں اسے لے کر آیا۔۔

◉◉◉◉

کارتھن جیسے ہی اپنے گھر پہنچا تو سامنے کا منظر اسے ساکت اور ختم کرنے کے لیے کافی تھا۔

مارک اسکی بیوی مسز کارتھن کے وجود کو گوشت کے لتھروں میں تقسیم کر چکا تھا۔۔وہ صوفے پر بیٹھا ادھے ہی دیکھ رہا تھا۔

ویلکم انکل ویلکم۔۔اتنے لیٹ آئے کیوں؟دیکھواپنی غلطی پر آنٹی کو سزادلوادی۔۔کیسے شوھر تھے۔

افففف میں شوھر کی بات کر رہاہوں آپ تو دوست کے ساتھ نہیں تھے مشکل وقت میں۔۔

تو یہاں کیسے آئیں گے۔۔ہاہاہا۔۔وہ شیطانیت سے قہقہہ لگاتا ساکت کھڑے کارتھن سے بولا۔

ویسے میری جان نہیں دیکھ رہی؟

میں اس سے کہنے آیا تھا کہ اب ویکس اسے کچھ نہیں کر سکتا کیونکہ مارک اسے سب سے بہت دور لے جائے گا۔اسے اب ویکس سے ڈرنے کی ضرورت نہیں۔۔وہ اسے اپنے منصوبے بتاتا اسکی طرف بڑھ رہا تھا۔وہ جتنی دیر میں اپنے بھیڑیے کے روپ میں آتا کارتھن کے پاس بھاگنے کے لیے وقت تھا پر وہ نہیں بھاگا۔

اسکے چہرے پر مسکراہٹ تھی۔اپنے بھائی جیسے دوست کے بیٹے کے زندہ ہونے کی خوشی میں۔اورایک دعا تھی ویکس تک اپنی آواز پہنچنے کی۔

مارک اس پر جھپٹااورکارتھن کے وجود میں کوئی ہلچل نہیں آئی اسنے خودخود کو اس حیوان۔کے حوالے کر دیا۔

مارک نے مسز کارتھن کو زشیہ کا نابتانے کے لیے یہ حال کیا تھا۔اوراب کارتھن کو اس لیے مار تھا کہ اسکاالزام وہ ویکس پر لگا سکے اور زشیہ کو اس سے نفرت ہو جائے اور وہ بس اسکی ہو جائے۔

مارک گاؤں میں تو صرف دوسرے بھیڑیوں کے بنے منصوبے پے لوگوں کو اپناشکار بنانے آیا تھا۔پر ویکس اور زشیہ کی دوستی دیکھ اسکا بھی دل زشیہ۔۔سے کھیلنے کے لیے کرتا تھا۔

ویکس اسے کہتا تھا کھیلنے کو پر وہ صرف زشیہ سے کھیلنا چاہتا تھا اسے اپنا دوست بنانا چاہتا تھا جو ویکس نہیں ہونے دیتا تھا۔

اس لیے اسکی نفرت ویکس شروع ہوئی۔

وہ ویکس کو ختم کرناچاہتا تھا پر وہ ایک بھیڑیا بن گیا اگر وہ اسے ماردیتا تو اسے بھیڑیوں کی جھنڈ سے الگ کر دیا جاتا۔

البتہ اس نے گاؤں والوں کو بتایا کہ ویکس ایک بھیڑیا ہے اور اسنے ہی بچوں کو اپناشکار بنایا ہے۔

اسکا یہ منصوبہ کام کر گیا اور اسے گاؤں سے دور کر دیا گیا۔اسے پتا تھا ویکس مرا نہیں ہے۔پھر بھی وہ سب سے دور تھا اسکے لیے یہی کافی تھا۔

دی ویکس وُلف

اسکے جانے کے بعد زی بہت بیمار رہنے لگی کارتھن اسے لے کے شہر گیا علاج کروانے۔

تو پیچھے مائیکل کو مارک کے بارے میں سب پتا چل گیا اور اسنے کارتھن کو بھی بتادیا۔ یہ بات مارک کو پتا چل گئی اور اسنے دوسرے بھیڑیوں سے مل کر گاؤں پر حملا کردیا۔

پھر ہر طرف خون کے ندیاں بہنے لگی اس خون میں مائیکل کا بھی خون شامل تھا۔

وقت گذرتا گیا کارتھن کو کافی ڈونڈھنے کے بعد بھی نہیں ملا۔ پھر ویکس آیا وہ ایک سب بھیڑیوں کا سردار اور جادو والی آنکھوں کا بھیڑیا تھا وہ مارک سے چھوٹا مگر طاقتوں میں اس جیسے کئی بھیڑیوں کے برابر تھا۔

پر مارک نے دماغ کا استعمال کر کے اسے کارتھن کے خلاف کردیا۔

پھر وہ تو اپنے غصے میں پاگل ہوگیا۔ مارک کو زشیہ مل گئی۔

اسے غصہ تب آیا جب زشیہ سالوں بعد بھی اسکی نظر میں ویکس کے لیے مر رہی تھی۔ پھر اسنے اسے کہا کہ ویکس مر گیا ہے۔ اسے یقین دلایا۔

اسنے زشیہ سے دوستی کرلی اور اسکا پیار سے نام زونی رکھ دیا پھر وہ ڈھکے چھپے اس سے اپنے پیار کا اظہار کردیتا تھا۔ پھر سے ویکس آگیا اس بار ویکس اسے بیوقوف بنا گیا۔۔۔

◉◉◉◉

لیکے آئے۔ اسنے وہ سنا جس میں اسکے voice record ویکس آئی سی یو کے باہر بیٹھا تھا جب اسکے آدمی کارتھن کا ملنے کی خوشی زشیہ کو اسکے حوالے کرنے کی گذارش اور مارک کی تمام چالاکیوں کے بارے میں تھا۔

آخر میں اسے کسی بھی حالت میں کارتھن نے اپنے گھر آنے کا کہا تھا کیونکہ مارک اسے وہیں ملے گا۔

سن کر ایک گہرا سانس لیا۔۔ voice ویکس نے وہ

زی تمہارے ہوش میں آنے سے پہلے یہ قصہ ختم کرنا ہوگا۔ خود سے بڑبڑاتا اپنے آدمیوں کو زی کا خیال رکھنے کا کہتے سرخ نیلی آنکھوں اور ویلنس کے خون میں رنگا۔ آخری شکار کی طرف گیا۔

ویکس جیسے ہی کارتھن کے گھر پہنچا مارک نکل رہا تھا باہر۔۔ویکس نے اچانک ایک زوردار لات اسکے سینے پر ماری جس سے وہ واپس گھر میں اندر جا گرا۔۔

ویکس نے دروازہ بند کر دیا۔۔اورا اکے سامنے جا کھڑا ہوا اپنی لہو ٹپکاتی لال نیلی آنکھوں سے اسے گھورنے لگا۔۔جس پر مارک گھبرا گیا۔۔۔

ویکس کارتھن اور مسز کارتھن کا نوچا ہوا لاش دیکھ کر اندر سے کٹ کر رہ گیا۔۔پھر اسکے کان میں کچھ لفظ گھومے۔۔۔

آج سے یہ میرا بیٹا ہے اور اسکا نام مارک ہے مارک مائیکل "یہ لفظ ویکس کا سینا چیر رہے تھے۔۔"

مارک اس اچانک کے حملے سے اٹھا۔۔تو سامنے ویکس کو دیکھا پہلے تو اسکی حالت دیکھ کر گھبرا گیا پھر خود کو سنبھال کر بولا۔

۔۔

ویکس تمنے مجھے لات کیوں ماری تمہیں شرم نہیں۔۔۔

کیسی شرم تمنے شرم کرلی کارتھن کو مارتے ہوئے۔۔اسکا لہجہ غضبناک اور کاٹدار تھا۔۔۔

مارک نے اپنا گلا تر کیا۔۔

مت بھولو یہ ہمارا دشمن ہے اسکا یہی حال ہونا چاہیے تھا۔۔یا اس سے بھی برا۔۔مارک لڑکھڑاتی زبان میں بولا۔۔۔اور جانے لگا۔۔

صحیح بولے اس سے بھی برا۔۔تو جا کہاں رہے ہو۔۔۔دیکھو گے نہیں دشمن کا حال برا۔۔۔ویکس نے اسے کندھے سے پکڑ کر پھر سے آگے کھڑا کیا۔۔۔مارک کے تو ویکس کے سرد لہجے پر پسینے چھوٹ گئے۔۔

پر مینے تو اسے ختم کر دیا ہے اب کون سا حال کرو گے اسکا۔۔مارک نا سمجھی سے اسکی آنکھوں میں دیکھے بغیر بولا۔۔

ویکس اسکی بات پر سرد قہقہہ لگا اٹھا۔۔۔تمنے غلط دشمن کو مارا ہے اصلی تو ابھی زندہ ہے۔

کلک کہاں ہے۔۔اسنے یہاں وہاں دیکھ کر پوچھا۔۔۔

یہاں۔۔ویکس نے کہنے کے ساتھ ایک زوردار پنچ اسکے منہ پر مارا۔۔جس سے منہ سے خون نکل آیا۔۔

ویکس یہ کیا بکواس ہے میں کب ہوا دشمن۔۔مارک بناوٹی غیض و غضب میں آیا۔۔میں کیوں ماروں گا اپنے باپ کو۔

اب جا کر مارک کسی دوسرے کو بنانا بیوقوف اب ویکس تو نہیں آنے والا تیری گھٹیہ چال میں۔۔اچانک مارک نے اپنا اصلی روپ میں قہقہہ لگایا۔

ہاہاہا۔۔آنے کی کیا ضرورت ہے۔تم تو پہلے سے آ چکے تھے۔وہ مکاری سے قہقہہ لگاتا ویکس کا خون انگاروں پر تپا اٹھا۔

ویکس بنا وقت لیے اس مکار پر جھپٹا۔

پھر دونو آپس میں الجھ گئے۔۔ویکس نے اسے بہت مارا پر مارک نے بھی دو چار مکے مارے ویکس کو۔۔

ویکس نے اسے اٹھا کر دور پھیکا وہ جا کر صوفے سے لگا اور الٹ کر گرا۔۔

اسنے اسے سنبھلنے کا موقعہ دئے بغیر اس پر جھپٹا جس سے مارک کی چیخ نکل گئی۔

کیوں مارا میرے باپ اور معصوم لوگوں کو۔ویکس چلاتا اسکے آنکھوں منہ ناک کو اپنے طاقتور مکوں سے پھوڑتا گیا۔مارک چیختا ہاتھ پاؤں مارنے لگا۔خود کو اس حیوانی سے بچانے لگا۔

پر ویکس پر تو اپنو کا بدلا سر پر سوار تھا۔مارتا گیا اسکے چہرے کو اپنے مکوں سے کچل کر رکھ دیا۔کوئی نقش نہیں چھوڑا ۔۔۔چہرا اور اپنا ہاتھ خون میں رنگ ڈالا۔

مارک اسکو دھکا دے کر ایکدم بھیڑیے روپ میں آیا اور ویکس بھی۔۔

پھر سے دونوں آپس میں الجھ گئے۔ویکس نے اپنا بڑا سا پنجہ اسکے پیٹ میں ڈالا۔۔جس سے مارک کی خوفناک دھاڑیں پھیل گئی پورے گھر میں جس سے ویکس کو سکون مل رہا تھا۔

ویکس نے ہاتھ نکال کر پھر سے اسکے سینے میں گاڑھا اور ایک جھٹکے سے اسکے سینے میں دھڑکتا دل نکال لیا۔۔

اور اسے اپنے پاؤں کے نیچے دے کر کچل ڈالا۔۔مارک کا مردہ وجود زمین جا گرا پھر ویکس اپنے بھیانک روپ کے ساتھ اس پر جھکا اور اسے چھوٹے چھوٹے ذرو میں تقسیم کر دیا۔

کچھ دیر بعد اسنے پورے گھر پر پٹرول چھڑکا اور اس گھر کو آگ کے شولوں کے حوالے کر دیا۔خود بنا دیکھے سب کچھ ختم کرتا آگے نکلتا چلا گیا۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

دی ویکس وُلف

زشیہ کوا بھی لڑکیاں ویکس کے سجے کمرے میں بیٹھا کر گئی تھی۔۔وہ گھونگھٹ لیے ایک شرمیلی دلہن کی طرح سر جھکائے ویکس کے انتظار میں بیٹھی تھی۔۔

زشیہ کے ٹھیک ہونے کے بعد ویکس نے اسے مارک کے بارے میں سب کچھ بتادیا تھااور اسکے ماں باپ کے مرنے کا بھی۔

پھرایک سال ویکس نے زشیہ کی ہاں کے لیے انتظار کیااور اب جاکر وہ راضی ہوئی شادی کے لیے تواب وہ دلہن بنی گھبرائی بیٹھی تھی۔

وہ سرخ جوڑے میں کوئی حور لگ رہی تھی۔۔کچھ دیر بیٹھنے کے بعد۔

وہ بیڈ سے اٹھی اور آئینے کے سامنے جاکر کھڑی ہوئی۔اسکی نظر اپنے نشانوں پر تھی۔میک اپ سے کافی چھپائے گئے تھے پر ابھرتے ہوئے نشانوں سے صاف ظاہر ہورہے تھے۔۔

وہ اپنے ماضی میں اتنی مگن تھی کہ اسے ویکس کے آنے اور دروازہ بند کرنے کا بھی پتا نہیں چلا۔۔

ویکس اسے اپنے آپ میں اتنامگن دیکھ آہستہ سے پیچھے قریب آیااور اسے اپنے گھیرے میں لے لیا۔جس سے زشیہ کے منہ چیخ نکل گئی۔

کیاہے کبھی چیخنے کے علاوہ بھی چپ رہا کرو۔ویکس نے اسکے کان میں کہہ۔

چھوڑوویکس۔وہ بلش کرتی اسکے تنگ گھیرے سے نکلنے کی کوشش کرنے لگی۔۔جس پر ویکس نے ایک گہرا سانس لیا۔۔

افففف۔۔ویکس بیٹے تیرا پتا نہیں کیا بنے گا۔کبھی چھوڑو کے علاوہ یہ بھی کہا کرو۔مت چھوڑوویکس۔۔۔وہ اسکی آواز میں منہ بنا کر بولا جس پر زی مسکرادی۔۔۔

ویکس بھی مسکرادیا۔۔کیادیکھ رہی تھی جو فری میں منہ دیکھادیا۔۔وہ شرارت سے کہتا اپنا سر اسکے کندھے پر رکھ دیا۔وہ سمجھ تو گیا تھا کیادیکھ رہی ہے پھر بھی پوچھنے لگا۔۔زی نے نفی میں گردن ہلائی "کچھ نہیں" پھر مدہم سا بولی۔

زی؟رات کے ان خوبصورت لمحوں میں ویکس نے زشیہ کے کان میں سرگوشی کے انداز میں پکارہ۔۔

ہوں۔زشیہ کادل اتنی زور سے دھڑکا کہ اسے لگاپسلیاں توڑ کر باہر آجائے گا۔اسکی ہتھیلیاں پسینے سے بھیگ گئی۔

کبھی انکے بارے میں الٹا سلٹا نا سوچنا۔ وہ اپنے لبوں سے اسکے نشانوں کو چھوتا زشیہ کا سانس بند کر گیا۔
ویکسس۔ زی اسکے قید میں پھڑ پھڑائی۔۔
یہ مجھے تمہارے اور قریب کھینچتے ہیں۔ وہ اسکی پکار کو نظر انداز کرتا۔۔ گھمبیر اور خمار آلودہ لہجے میں بولا۔
اسکے الفاظوں منہ ہی بند کر گیا۔۔ جیسے رات گذر رہی تھی اسکی شدتیں بڑھتی گئی۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

پکڑو مجھے سیم۔ سام پورے گھر میں بھاگتا ہر چیز توڑ پھوڑ کرتا سیم سے کہہ رہا تھا۔ سیم اپنی پھولی سانسوں کے ساتھ سام جو اس سے ایک سال بڑا تھا اس پکڑنے کی کوشش کر رہا تھا۔ سام سنہری آنکھوں والا اپنے سے چھوٹے سیم جسکی آنکھیں ویکس جیسی نیلی تھی۔ جو غصے میں بہت تیز تھا۔ اسکے کھیلو نے توڑ کر اسے غصہ ڈلانے کی کوشش کر رہا تھا جو غصے میں آ بھی گیا تھا۔ اسے سیم کو غصہ ڈلا کر بہت مزہ آتا تھا۔
رکو تم دونوں۔۔ یہ کیا حشر کر دیا ہے گھر کا۔ زشیہ کی چینگارتی آواز دونوں کا بریک لگا گئی۔
مما مینے نہیں یہ سب اس سنہری بلے نے کیا ہے۔۔ سیم کی غصے والی آواز گونجی۔ جس پر سام شرارت سے مسکرا دیا۔
مما مینے نہیں یہ سب اس نیلے غصے والے بلے نے کیا ہے۔ سام نے اپنا کیا سب سیم پر الٹ دیا۔
بند کر دو تم دونوں اپنی۔ جلدی سے پورا گھر صاف کرو۔ نہیں تو آج ویکس سے تم دونوں کی خیر نہیں۔ اسکی دھمکی پر پانچ اور چھ سال کے سیم اور سام کے قہقہے لگے۔۔ جس پر زشیہ شرمندہ ہو گئی۔
مما چلتی تو ہے نہیں ڈیڈ کے سامنے آپ کی۔ ایسے ہی ہم بچوں کو نا دھمکایا کرو۔۔ یہ سام تھا شرارتی۔
یہ سچ تھا جب بھی زی ویکس سے ان دونوں کی حرکتوں کا بتاتی ویکس کا ایک ہی جواب ہوتا۔ پہلے تم میرے حق میں آؤ پھر میں اپنے بیٹوں سے تمہارے حق میں بات کروں۔ اسکی بات پر زی چڑ جاتی اور کہتی "تم سے

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com

تو بولنا گناہ ہے"۔۔پھر ویکس بھی کہتا" جاؤ جاؤ دوسروں کا حق کھانے والوں کے ساتھ ایسا ہی ہوتا ہے" جس پر زشیہ غصے سے لال ٹماٹر ہو جاتی اور ان تینوں کے چھت پھاڑ قہقہے گونجتے گھر میں۔

ختم شد۔

For more visit: https://exponovels.com/ mailto:exponovels@gmail.com